نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)


تاریخ: 30/اپریل 2025ء

مجاریہ: ن ا ت ت/ 8105/2025ء

# دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے چھیاسٹھویں (66th) اجلاس منعقدہ مورخہ 09/اپریل 2025ء کی شق 3 کی قرارداد (i) کے فیصلے کے تحت ہدایت دی جاتی ہے کہ HEC کے درجِ ذیل قواعد پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے:

(i) پی ایچ ڈی کے طلبہ کے مقالہ کی جانچ HEC و جامعہ ہٰذا کے قواعد وطریقہ کار کے مطابق کروائی جائے۔

(ii) پی ایچ ڈی کے طالب علم کا تحقیقی پرچہ HEC کے مطلوبہ ومعیار و کیٹگری کے تحت ہی قابلِ قبول ہوگا۔

(iii) مقالہ کی Similarity، اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کے معیار کے مطابق ہونا لازمی ہے۔

(iv) تحقیقی خاکہ کی منظوری کے وقت پی ایچ ڈی طلبہ کے نگراں مقالہ کو جامعہ ہٰذا کا مستقل وحاضر سروس اُستاد ہونا لازمی ہے۔ پروفیسر ایمریطس، پروفیسر میریٹوریس اور Distinguished National Professor کو اس سے استثناء حاصل ہے۔

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل:

١۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)

٢۔ انچارج اسلام آباد کیمپس/گلشن اقبال کیمپس/عبدالحق کیمپس

٣۔ جمیع رؤسائے کلیات

٤۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)

٥۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)

٦۔ شعبہ اکیڈمک

٧۔ شخصی مسل

٨۔ مسل متعلقہ اجلاس

☆ فیصل بہادر (برائے ویب سائٹ)


دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

grmc@fuuast.edu.pk

http://www.fuuast.edu.pk

# نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)


تاریخ: 30/اپریل 2025ء

مجاریہ: ن ا ت ت/ 8106/2025ء

## دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے چھیاسٹھویں (66th) اجلاس منعقدہ مورخہ 09/اپریل 2025ء کی شق 3 کے فیصلے کے تحت اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کی جانب سے موصولہ Circular Validity of HJRS and Implementation of Revised policy of Research Journals Letter Reference No:No.20-Misc/RJS/ R&ID/HEC/2025/19 dated: 28-01-2025 کو مورخہ یکم/اکتوبر 2024ء سے جامعہ ہٰذا میں نافذ العمل کیا جاتا ہے اور ہدایت کی جاتی ہے کہ پی ایچ ڈی کے لیے HEC کے قواعد کے تحت ہی تحقیقی پرچہ ارسال کیا جائے۔ جبکہ 30/ستمبر 2024ء تک شائع شدہ تحقیقی پرچوں کو سابقہ HJRS پالیسی/ SOP's کے مطابق مورخہ یکم/جولائی 2020ء تا 30/ستمبر 2024ء کے تحت ہی قبول کیا جائے گا۔

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)
۲۔ انچارج اسلام آباد کیمپس/گلشن اقبال کیمپس/عبدالحق کیمپس
۳۔ جمیع رؤسائے کلیات
۴۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۵۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)
۶۔ شعبہ اکیڈمک
۷۔ شخصی مسل
۸۔ مسل متعلقہ اجلاس
☆ فیصل بہادر (برائے ویب سائٹ)


دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

grmc@fuuast.edu.pk http://www.fuuast.edu.pk

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)


تاریخ: 30/اپریل 2025ء — مجاریہ: ن ا ت ت/8107/2025ء

## دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے چھیاسٹھویں (66th) اجلاس منعقدہ مورخہ 09/اپریل 2025ء کی شق 3 کے فیصلے کے تحت مجلس GRMC سے داخلہ کی منظوری کے بعد کے درج ذیل طریقہ کار و قواعد کی منظوری دی جاتی ہے:

(i) شعبہ GRMC سے داخلہ کی منظوری کے بعد جن طلبہ کو داخلہ کے لیے مطلوب دستاویزات سے مشروط منظوری دی گئی ہے وہ امیدوار فہرست آویزاں کرتے وقت کی معینہ تاریخ تک مطلوبہ دستاویزات اور اعتراض (Objection) دور کرنے کے بعد داخلہ و سمسٹر اوّل کی فیس کا پے آرڈر شعبہ GRMC میں جمع کروائیں گے۔ امیدواروں کی جانب سے مطلوبہ دستاویزات اور فیس جمع نہ کروانے کی صورت میں چار (04) ماہ کے بعد امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی اور داخلہ دائماً ازخود منسوخ ہو جائے گا۔

(ii) طالب علم کو اس وقت تک خط داخلہ نہیں دیا جائے گا جب تک وہ اپنی داخلہ و سمسٹر فیس کا پے آرڈر شعبہ GRMC میں جمع نہیں کروائے گا۔ واضح رہے کہ جن طلبہ کے داخلہ میں کسی بھی قسم کا اعتراض تحریر کیا گیا ہو، اُن کا اعتراض دور ہونے کے بعد ہی داخلہ و سمسٹر فیس کا پے آرڈر وصول کیا جائے گا اور خط داخلہ کا اجراء کیا جائے گا۔

(iii) طالب علم کی جانب سے داخلہ و سمسٹر فیس جمع کروانے کے بعد تدریس میں شرکت کی گئی تو فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(iv) تدریس کا آغاز کرنے کے بعد شعبہ جات کو تحریری طور پر شعبہ GRMC (کراچی کیمپس) کو بھی اس کی اطلاع دینا ہوگی۔

(v) شعبہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی بھی طالب علم کو انرولمنٹ کارڈ کے بغیر امتحان میں شرکت کی اجازت نہ دی جائے۔

(vi) ایسے طلبہ کہ جو ملازمت کرتے ہیں لیکن اپنے داخلہ فارم میں یہ بات تحریر نہیں کی ہے اور نہ ہی اپنی ملازمتی NOC جمع کروائی ہے تو وہ داخلہ اور سمسٹر فیس کے ساتھ اپنا اصل ملازمتی NOC لازمی جمع کروائیں نیز اگر امیدوار کی جانب سے NOC جمع نہیں کروائی گئی اور نہ ہی اس بات کے حوالے سے داخلہ فارم میں تحریر کیا گیا ہے اور ازاں بعد ان کے ادارے کی جانب سے کوئی قانونی کارروائی کی گئی تو جامعہ ہٰذا اس کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ جامعہ ہٰذا کا ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرام مجلس اوّل (Morning) کا ہے لہٰذا اُسی کی NOC قابلِ قبول ہوگی۔

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)
۲۔ انچارج اسلام آباد کیمپس/گلشن اقبال کیمپس/عبدالحق کیمپس
۳۔ جمیع رؤسائے کلیات
۴۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۵۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)
۶۔ شعبہ اکیڈمک
۷۔ شخصی مسل
۸۔ مسل متعلقہ اجلاس
☆ فیصل بہادر (برائے ویب سائٹ)


دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

s@m

grmc@fuuast.edu.pk http://www.fuuast.edu.pk

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 30/اپریل 2025ء

مجاریہ: ن ات ت/ 8108/ 2025ء

# دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے چھیاسٹھویں (66th) اجلاس منعقدہ مورخہ 09/اپریل 2025ء کے اضافی ایجنڈے کی شق 3 کی قرارداد (i) کے فیصلے کے تحت مطلع کیا جاتا ہے کہ سپریم کورٹ کی رولنگ کی روشنی میں گمنام (anoniomous) موصولہ درخواست/ای میل پر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔

Nadia

رجسٹرار (قائم مقام)

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)

۲۔ انچارج اسلام آباد کیمپس/گلشن اقبال کیمپس/عبدالحق کیمپس

۳۔ جمیع رؤسائے کلیات

۴۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)

۵۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)

۶۔ شعبہ اکیڈمک/شعبہ اسٹیبلشمنٹ

۷۔ شخصی مسل

۸۔ مسل متعلقہ اجلاس

☆ فیصل بہادر (برائے ویب سائٹ)

دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

s@m

grmc@fuuast.edu.pk http://www.fuuast.edu.pk